یونٹ 07

تکونیات

حاصلاتِ تعلم

اس یونٹ کو مکمل کرنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ:

- سائن (sine) اور کوسائن (cosine) تفاعلوں کو °90 اور °180 کے درمیان والے زاویوں تک وسعت دے سکیں۔
- کسی بھی مثلث کے لیے سائن کا قانون، کوسائن کا قانون اور رقبہ کے کلیوں کا استعمال کرتے ہوئے سوالات مسائل حل کر سکیں۔
- سہ رخی میں سادہ تکونیاتی مسائل حل کر سکیں۔
- تکونیات کے تصورات کو حقیقی دنیا کے مسائل (جیسے ویڈیو گیمز، فلائٹ انجینیئرنگ، نیویگیشن اور صوتی لہریں) پر لاگو کر سکیں۔
- سہ ہندسی بیرنگ کی تشریح اور استعمال کر سکیں۔
- بیرنگ سے متعلق حقیقی زندگی کے مسائل حل کر سکیں۔
- بیرنگ کے تصورات کو حقیقی دنیا کے مسائل پر لاگو کر سکیں۔

7.1 تکونیاتی نسبتیں یا تفاعل (Trigonometric Ratios or Functions)



ایک قائمۃ الزاویہ مثلث POM کے زاویہ θ پر غور کریں، جس کا قائمہ زاویہ M پر ہے۔ جہاں $\overline{OM}$ کو متصلہ ضلع، $\overline{PM}$ کو مخالف ضلع، $\overline{PM}$ کو مخالف ضلع اور PO کو وتر کہا جاتا ہے پھر،

(i) sineθ (sin θ) $= \dfrac{\text{عمود}}{\text{وتر}}$ (ii) cosine θ(cos θ) $= \dfrac{\text{قاعدہ}}{\text{وتر}}$

(iii) cosecantθ (cosec θ) $= \dfrac{1}{\sin\theta} = \dfrac{\text{وتر}}{\text{عمود}}$

(iv) secantθ (sec θ) $\dfrac{1}{\cos\theta} = \dfrac{\text{وتر}}{\text{قاعدہ}}$ (v) tangentθ (tanθ) $= \dfrac{\text{عمود}}{\text{قاعدہ}}$

(vi) cotangent θ(cot θ) $= \dfrac{1}{\tan\theta} = \dfrac{\text{قاعدہ}}{\text{عمود}}$

اوپر دی گئی چھ تکونیاتی نسبتوں کو تکونیاتی تفاعل بھی کہا جاتا ہے۔

نوٹ:
$\tan\theta = \dfrac{\sin\theta}{\cos\theta}$, $\cot\theta = \dfrac{\cos\theta}{\sin\theta}$

یاد رکھیے!
sin θ کا مطلب sin اور θ کی ضرب نہیں ہے۔ sin θ کو زاویہ θ کا سائن پڑھا جاتا ہے۔

مخصوص زاویوں کے لیے تکونیاتی قدریں (Trigonometric Values for Special Angles)

°0, 30, °45, °60، °90 اور °180 کے لیے تکونیاتی قدریں درج ذیل جدول میں دی گئی ہیں:

180°	90°	60°	45°	30°	0°	نسبتیں θ زاویہ
0		$\frac{\sqrt{3}}{2}$	$\frac{1}{\sqrt{2}}$	$\frac{1}{2}$	0	sin θ

www.ilmkidunya.com

-1	0	$\frac{1}{2}$	$\frac{1}{\sqrt{2}}$	$\frac{\sqrt{3}}{2}$	1	$\cos\theta$
0	غیر تعریف شدہ	$\sqrt{3}$	1	$\frac{1}{\sqrt{3}}$	0	$\tan\theta$

تکونیاتی تفاعلوں کی علامات (Signs of Trigonometric Function)

علامتیں اس ربع پر منحصر ہوتی ہیں جس میں زاویہ کا اختتامی سرا واقع ہوتا ہے۔ ہم ایک دائرہ پر غور کرتے ہیں جس کا رداس r ہے اور مرکز نقطہ O پر ہے۔



پہلے ربع میں: $x > 0, y > 0$

$$\sin\theta = \frac{y}{r} > 0,\ \cos\theta = \frac{x}{r} > 0,\ \tan\theta = \frac{y}{x} > 0.$$

$$\operatorname{cosec}\theta = \frac{r}{y} > 0,\ \sec\theta = \frac{r}{x} > 0,\ \cot\theta = \frac{x}{y} > 0$$

پس، پہلے ربع میں تمام تکونیاتی تفاعل مثبت ہوتے ہیں۔

دوسرے ربع میں: $x < 0, y > 0$

$$\sin\theta = \frac{y}{r} > 0,\ \cos\theta = \frac{-x}{r} < 0,\ \tan\theta = \frac{y}{-x} < 0,\ \operatorname{cosec}\theta = \frac{r}{y} > 0,\ \sec\theta\ \frac{-x}{y} < 0\ \cot\theta = \frac{-x}{y} < 0$$

پس، دوسرے ربع میں sin اور cosec تفاعل مثبت ہوتے ہیں اور باقی تمام تکونیاتی تفاعل منفی ہوتے ہیں۔

تیسرے ربع میں: $x < 0, y < 0$

$$\sin\theta = \frac{-y}{r} < 0,\ \cos\theta = \frac{-x}{r} < 0,\ \tan\theta = \frac{-y}{-x} > 0,\ \operatorname{cosec}\theta\ \frac{r}{-y} < 0,\ \sec\theta = \frac{r}{-x} < 0,\ \cot\theta = \frac{-x}{-y} > 0$$

پس، تیسرے ربع tan اور cot تفاعل مثبت ہوتے ہیں اور باقی تمام تکونیاتی تفاعل منفی ہوتے ہیں۔

چوتھے ربع میں: $x > 0, y < 0$

$$\sin\theta = \frac{-y}{r} < 0,\ \cos\theta = \frac{x}{r} > 0,\ \tan\theta = \frac{-y}{x} < 0,\ \operatorname{cosec}\theta = \frac{r}{-y} < 0,\ \cot\theta = \frac{x}{-y} < 0,\ \sec\theta = \frac{r}{x} > 0$$

پس چوتھے ربع میں cos اور sec تفاعل مثبت ہوتے ہیں اور باقی تمام تکونیاتی تفاعل منفی ہوتے ہیں۔

0, 90° اور 180° کی تکونیاتی نسبتیں

(Trigonometric Ratio of 0°, 90° and 180°)



i- 0° کی تکونیاتی نسبتیں (Trigonometric Ratios of 0°)

فرض کیا ایک اکائی دائرہ جس کا مرکز O ہے اور اس پر نقطہ P(x,y) اس طرح لیں کہ 0° = m∠AOP ہو۔ چونکہ P(x,y) x- محور پر واقع ہے۔

اس لیے $x = 1, y = 0, r = 1$

$$\sin 0° = \frac{y}{r} = \frac{0}{1} = 0 \quad , \operatorname{cosec} 0° = \frac{1}{\sin 0°} = \frac{1}{0} =$$ غیر تعریف شدہ

$$\cos 0° = \frac{x}{r} = \frac{1}{1} = 1 \quad , \sec 0° = \frac{1}{\cos 0°} = \frac{1}{1} = 1$$

$$\tan 0° = \frac{y}{x} = \frac{0}{1} = 0 \quad , \cot 0° = \frac{1}{\tan 0°} = \frac{1}{0}$$ غیر تعریف شدہ

ii- 90° کی تکونیاتی نسبتیں (Trigonometric Ratios of 90°)

فرض کیا ایک اکائی دائرہ جس کا مرکز O ہے اور اس پر P(x,y) اس طرح لیں کہ 90° = m∠AOP ہو۔ چونکہ P(x,y) y- محور پر واقع ہے

اس لیے $x = 1, y = 0, r = 1$



$$\sin 90° = \frac{y}{r} = \frac{1}{1} = 1 \quad , \operatorname{cosec} 90° = \frac{1}{\sin 90°} = \frac{1}{1} = 1$$

$$\cos 90° = \frac{x}{r} = \frac{0}{1} = 0 \quad , \sec 90° = \frac{1}{\cos 90°} = \frac{1}{0} =$$ غیر تعریف شدہ

$$\tan 90° = \frac{y}{x} = \frac{1}{0} =$$ غیر تعریف شدہ $$, \cot 90° = \frac{0}{1} = 0$$

iii- 180° کی تکونیاتی نسبتیں (Trigonometric Ratios of 180°)

فرض کیا ایک اکائی دائرہ جس کا مرکز O ہے اور اس پر P(x,y) اس طرح لیں کہ $m\angle AOP = 180°$ ہو۔ چونکہ P(x,y) x'- محور پر واقع ہے۔

اس لیے $m\angle AOP = 180°$



$$\sin 180° = \frac{x}{y} = \frac{0}{1} = 0, \operatorname{cosec} 180° = \frac{1}{\sin 180°} = \frac{1}{0}$$ غیر تعریف شدہ

$$\cos 180° = \frac{x}{r} = \frac{-1}{1} = -1, \sec 180° = \frac{1}{\cos 180°} = \frac{1}{-1} = -1$$

$$\tan 180° = \frac{y}{x} = \frac{0}{-1} = 0 \quad , \cot 180° = \frac{1}{\tan 180°} = \frac{-1}{0} =$$ غیر تعریف شدہ

www.ilmkidunya.com

90° اور 180° کے درمیان والے زاویوں کے لیے سائن اور کوسائن تفاعلوں کو وسعت دینا

(Extending sine and cosine Functions to Angles Between 90° and 180°)



فرض کیا کارتیسی محدداتی نظام میں ایک اکائی دائرہ لیا جس کا مرکز O(0,0) اور رداس 1 ہے۔

$P(\cos\theta, \sin\theta)$ دائرے کے محیط پر پہلے ربع میں کوئی بھی نقطہ ہے، جہاں

$m\angle MOP = \theta = m\angle YOP'$

$m\angle POP' = 90°$ اور $m\angle MOP' = (90° + \theta)$ اس لیے $m\angle OP'M' = $

$m\angle YOP'$ (متبادلہ زاویے) لہٰذا، زاویہ $(90° + \theta)$ زاویہ θ کو 90° کے ذریعے مخالف گھڑی وار سمت گھمانے سے حاصل ہوتا ہے۔

P' کے محددات $(-\sin\theta, \cos\theta)$ ہوں گے یعنی P' کا نیا x-محدد، P کے y-محدد کی منفی قدر بن جاتا ہے اور P' کا نیا y-محدد، P کا x-محدد بن جاتا ہے۔ جیسے کہ ہم جانتے ہیں کہ اکائی دائرہ میں کسی بھی زاویہ کے کوسائن (cosine) اور سائن (sine) کو بالترتیب x-محدد اور y-محدد سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ لہٰذا،

نوٹ:
$\sin(-\theta) = -\sin\theta$
$\cos(-\theta) = \cos\theta$
$\tan(-\theta) = -\tan\theta$

$\cos(90° + \theta) =$ کا x-محدد $(90° + \theta) = -\sin\theta$

چنانچہ، $\sin(90° + \theta) =$ کا y-محدد $(90° + \theta) = \cos\theta$

$\sin(90° + \theta) = \cos\theta$, $\operatorname{cosec}(90° + \theta) = \sec\theta$

$\cos(90° + \theta) = -\sin\theta$, $\sec(90° + \theta) = -\operatorname{cosec}\theta$

$\tan(90° + \theta) = -\cot\theta$, $\cot(90° + \theta) = -\tan\theta$

(b) (180° − θ) کی شکل کے زاویوں کی تکونیاتی نسبتیں

فرض کریں $m\angle MOP = \theta$ اور $m\angle MOP' = (180° - \theta)$ ہیں۔

یہاں ΔPOM اور $\Delta P'OM'$ ایک دوسرے کے متماثل ہیں، اس طرح کہ:

$m\overline{OP} = m\overline{OP'}$ ، $mOM = mOM'$ اور $mP'M' = PM$

ΔPOM میں، $m\overline{OP} = m\overline{OP'}$ ، $m\overline{OM} = m\overline{OM'}$ اور $m\overline{PM} = m\overline{P'M'}$



$\Delta P'OM'$ میں، $\sin\theta = \dfrac{b}{m\overline{OP}}$ اور $\cos\theta = \dfrac{a}{m\overline{OP}}$

$\sin(180° - \theta) = \dfrac{P' \text{ کا y-محدد}}{m\overline{OP'}} = \dfrac{b}{m\overline{OP'}} = \sin\theta$ ، $\Delta P'OM'$ میں

$\cos(180° - \theta) = \dfrac{P' \text{ کا x-محدد}}{m\overline{OP'}} = \dfrac{-a}{m\overline{OP}} = -\cos\theta$

$\operatorname{cosec}(180° - \theta) = \operatorname{cosec}\theta$
$\sec(180° - \theta) = -\sec\theta$
$\cot(180° - \theta) = -\cot\theta$

چنانچہ

$\sin(180° - \theta) = \sin\theta$
$\cos(180° - \theta) = -\cos\theta$
$\tan(180° - \theta) = -\tan\theta$

مثال 1: درج ذیل کی علامات معلوم کیجیے:

(i) cos 75° (ii) cot 250°

حل: (i) 75° پہلے ربع میں واقع ہے جہاں cos مثبت ہوتا ہے۔

(ii) 250° تیسرے ربع میں واقع ہے جہاں cot مثبت۔

www.ilmkidunya.com

مثال 2: کیلکولیٹر کا استعمال کیے بغیر، درج ذیل تکونیاتی تفاعلوں کی درست قدریں معلوم کیجیے:

(i) $\sin 120°$ (ii) $\cot 150°$

حل: (i) $\sin 120°$

$120°$ دوسرے ربع میں واقع ہے، جہاں sin مثبت ہوتا ہے۔

$\therefore \sin(180° - \theta) = \sin\theta$ $\quad\therefore \sin 120° = \sin(180° - 60°) = \sin 60°$

$$= \frac{\sqrt{3}}{2}$$

(ii) $\cot 150°$

$150°$ دوسرے ربع میں واقع ہے، جہاں cot منفی ہوتا ہے۔

$\therefore \cot(180° - \theta) = -\cot\theta$ $\quad\therefore \cot 150° = \cot(180° - 30°) = -\cot 30°$

$$= -\sqrt{3}$$

حل مشق 7.1

1- درج ذیل کی علامات معلوم کیجیے:

(i) $\sin 55°$

حل: $\sin 55°$ پہلے ربع میں واقع ہے جہاں پر sin مثبت ہوتا ہے۔

(ii) $\cos 145°$

حل: $\cos 145°$ دوسرے ربع میں واقع ہے جہاں cos منفی ہوتا ہے۔

(iii) $\tan 111°$

حل: $\tan 111°$ دوسرے ربع میں واقع ہے جہاں پر tan منفی ہوتا ہے۔

(iv) $\sec 179°$

حل: $\sec 179°$ تیسرے ربع میں واقع ہے جہاں پر sec منفی ہوتا ہے۔

(v) $\operatorname{cosec} 88°$

حل: $\operatorname{cosec} 88°$ پہلے ربع میں واقع ہے جہاں پر cosec مثبت ہوتا ہے۔

(vi) $\sin 14°$

حل: $\sin 14°$ پہلے ربع میں واقع ہے جہاں پر sin مثبت ہوتا ہے۔

2- خالی جگہیں پُر کیجیے۔

(i) $\tan(180° - \theta) = ...\tan\theta$

حل: $\tan(180° - \theta) = -\tan\theta$

(ii) $\sin(180° - \theta) = ...\sin\theta$

حل: $\sin(180° - \theta) = +\sin\theta$

(iii) $\tan(90° + \theta) = ...\cot\theta$

حل: $\tan(90° + \theta) = -\cot\theta$

(iv) $\cos(90° + \theta) = ...\sin\theta$

حل: $\cos(90° + \theta) = -\sin\theta$

(v) $\operatorname{cosec}(180° - \theta) = ...\operatorname{cosec}\theta$

حل: $\operatorname{cosec}(180° - \theta) = +\operatorname{cosec}\theta$

(vi) $\sec(90° - \theta) = ...\operatorname{cosec}\theta$

حل: $\sec(90° - \theta) = +\operatorname{cosec}\theta$

www.ilmkidunya.com

-3 کیلکولیٹر کا استعمال کیے بغیر درج ذیل تکونیاتی تفاعلوں کی درست قدر معلوم کیجیے:

(i) $\sin 150^\circ$

حل: $\sin 150^\circ = \sin(180^\circ - 30^\circ) = +\sin 30 = \frac{1}{2} \quad \therefore \sin(180^\circ - \theta) = \sin\theta$

(ii) $\tan 150^\circ$

حل: $\tan 150^\circ = \tan(180^\circ - 30^\circ) = -\tan 30 = \frac{-1}{\sqrt{3}} \quad \therefore \tan(180^\circ - \theta) = -\tan\theta$

(iii) $\sec 150^\circ$

حل: $\sec 150^\circ = \sec(180^\circ - 30^\circ) = -\sec 30^\circ = -\frac{2}{\sqrt{3}} \quad \therefore \sec(180^\circ - \theta) = -\sec\theta$

(iv) $\operatorname{cosec} 120^\circ$

حل: $\operatorname{cosec} 120^\circ = \operatorname{cosec}(180^\circ - 60^\circ) = +\operatorname{cosec} 60^\circ = \frac{2}{\sqrt{3}} \quad \therefore \operatorname{cosec}(180^\circ - \theta) = \operatorname{cosec}\theta$

(v) $\cos 120^\circ$

حل: $\cos 120^\circ = \cos(180^\circ - 60^\circ) = -\cos 60^\circ = -\frac{1}{2} \quad \therefore \cos(180^\circ - \theta) = -\cos\theta$

(vi) $\cot 120^\circ$

حل: $\cot 120^\circ = \cot(180^\circ - 60^\circ) = -\cot 60^\circ = -\frac{1}{\sqrt{3}} \quad \therefore \cot(180^\circ - \theta) = -\cot\theta$

(vii) $\sin 135^\circ$

حل: $\sin 135^\circ = \sin(180^\circ - 45^\circ) = +\sin 45^\circ = \frac{1}{\sqrt{2}} \quad \therefore \sin(180^\circ - \theta) = \sin\theta$

(viii) $\sec 135^\circ$

حل: $\sec 135^\circ = \sec(180^\circ - 45^\circ) = -\sec 45^\circ = -\sqrt{2} \quad \therefore \sec(180^\circ - \theta) = -\sec\theta$

(ix) $\cot 135^\circ$

حل: $\cot 135^\circ = \cot(180^\circ - 45^\circ) = -\cot 45^\circ = -1 \quad \therefore \cot(180^\circ - \theta) = -\cot\theta$

7.2 غیر قائمۃ الزاویہ مثلثیں (Oblique Triangles)



غیر قائمۃ الزاویہ مثلث ایسی مثلث ہوتی ہے جس میں کوئی بھی قائمہ زاویہ نہ ہو۔ نہ یا تو حادہ زاویہ مثلث (تمام زاویے 90° سے کم) یا منفرجہ زاویہ مثلث (ایک زاویہ 90° سے بڑا) ہوسکتی ہے۔ درج ذیل مثلثیں غیر قائمۃ الزاویہ مثلثیں ہیں:

سائن کا قانون (The Law of sines)

اگر a، b اور c کسی مثلث کے اضلاع اور α، β اور γ بالترتیب ان اضلاع کے مخالف زاویے ہوں تو سائن کا قانون درج ذیل ہے:

$$\frac{a}{\sin\alpha} = \frac{b}{\sin\beta} = \frac{c}{\sin\gamma}$$

سائن کا قانون مثلث کے زاویوں اضلاع کے درمیان ایک تعلق ہے۔ مثلث کو حل کرتے وقت، سائن کا قانون ایک ایسی مثلث کو حل کرنے

www.ilmkidunya.com

کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے جب دو زاویے اور ایک ضلع جو کسی ایک زاویہ کے مخالف ہو، دیے گئے ہوں۔

مثال 3: ایک مثلث ABC میں، β = 45°، γ = 30° اور a = 6cm ہوں تو b اور c معلوم کیجیے۔

حل: جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ:



$$\alpha + \beta + \gamma = 180°$$

$$\alpha \quad 180° \quad \beta \quad \gamma$$

$$= 180° \quad 45° \quad 30° \quad 105°$$

اب سائن کے قانون کے مطابق

$$\frac{a}{\sin\alpha} = \frac{b}{\sin\beta} = \frac{c}{\sin\gamma}$$

$$\frac{a}{\sin 150°} = \frac{b}{\sin 45°} = \frac{c}{\sin 30°}$$

$$[\sin 105° \quad \sin(180° \quad 75°) \quad \sin 75°]$$

$$\frac{a}{\sin 75°} = \frac{b}{\sin 45°} = \frac{c}{\sin 30°}$$

اب $\frac{a}{\sin 75°} = \frac{b}{\sin 45°}$

$$b = \frac{a \sin 45°}{\sin 75°} = \frac{6 \times (0.71)}{0.97} = \frac{4.26}{0.97} 4.4cm$$

اب $\frac{a}{\sin 75°} = \frac{c}{\sin 30°}$

$$c = \frac{a \times \sin 30°}{\sin 75°} = \frac{6 \times (0.5)}{0.97} = \frac{3.0}{0.97} = 3.1cm$$

خود آزمائی

ΔABC کو حل کیجیے جس میں α = 77°، β = 66°، a = 2cm

حل:

$$\alpha = 77°, \beta = 66°, a = 2am$$

ہم جانتے ہیں

$$\alpha + \beta + \gamma = 180°$$

$$\gamma = 180° - \alpha \quad \beta$$

$$= 180° - 77° \quad 66°$$

$$= 37°$$

سائن کے قانون سے

$$\frac{a}{\sin\alpha} = \frac{b}{\sin\beta}$$

$$\frac{2}{\sin 77°} = \frac{b}{\sin 66°}$$

$$\sin 66° \times \frac{2}{\sin 77°} = b$$

$$\frac{0.9135 \times 2}{0.9744} = b$$

$$1.87 = b$$

$$b = 1.87cm$$

$$\frac{a}{\sin\alpha} = \frac{c}{\sin\gamma}$$

$$\frac{2}{\sin 77°} = \frac{c}{\sin 37°}$$

$$\frac{\sin 37° \times 2}{\sin 77°} = c$$

$$\frac{0.6018 \times 2}{0.9744} = c$$

$$1.24 = c$$

$$c = 1.24cm$$

لہٰذا $\gamma = 37°, b = 1.87cm, c = 1.24cm$

www.ilmkidunya.com

چیلنج! جب کسی مثلث کے دو اضلاع اور ان کا درمیانی زاویہ یا تینوں اضلاع دیے گئے ہوں تو کیا ہم سائن کا قانون استعمال کر سکتے ہیں؟

جواب: جی نہیں اگر ہمارے پاس دو اضلاع a اور b ہوں اور ان کا درمیانی زاویہ بھی ہو تو ہمارے پاس ان کے سامنے والے اضلاع کے متعلقہ زاویے α اور β نہیں ہوتے جس سے جوڑا نہیں بنتا اگر ہمارے پاس تینوں اضلاع a، b اور c ہوں تو ہمارے پاس شروع کرنے کے لیے زاویہ نہیں ہوگا۔

کوسائن کا قانون (The Law of cosines)

اگر a، b اور c کسی مثلث کے اضلاع ہوں اور α، β اور γ بالترتیب ان اضلاع کے مخالف زاویے ہوں تو کوسائن کا قانون درج ذیل ہے:

$$c^2 = a^2 + b^2 - 2ab\cos\gamma \text{ یا } \cos\gamma = \frac{a^2+b^2-c^2}{2ab}$$

$$a^2 = b^2 + c^2 - 2bc\cos\alpha \text{ یا } \cos\alpha = \frac{b^2+c^2-a^2}{2bc}$$

$$b^2 = c^2 + a^2 - 2ca\cos\beta \text{ یا } \cos\beta = \frac{c^2+a^2-b^2}{2ca}$$

مثال 4: ΔABC میں $a = 3, b = 5, b = 5, c = 7$ ہوں تو α, β اور γ کی قیمتیں معلوم کیجیے۔

حل: $a = 3, b = 5, c = 7$، کوسائن کا قانون استعمال کرنے سے ہمیں حاصل ہوتا ہے۔

$$\cos\alpha = \frac{b^2+c^2-a^2}{2bc} = \frac{5^2+7^2-3^2}{2\times5\times7} = \frac{25+49-9}{70} = \frac{13}{14}$$

$$\alpha = \cos^{-1}\left(\frac{13}{14}\right) = 21.8^\circ$$

$$\cos\beta = \frac{a^2+c^2-b^2}{2ac} = \frac{3^2+7^2-5^2}{2\times3\times7} = \frac{9+49-25}{42} = \frac{11}{14}$$

$$\beta = \cos^{-1}\left(\frac{11}{14}\right) = 38.2^\circ$$

جیسا کہ

$$\alpha + \beta + \gamma = 180^\circ$$

$$\gamma = 180^\circ - \alpha - \beta = 180^\circ - 21.8^\circ \text{ of } 38.2^\circ = 120^\circ$$

مثلث کا رقبہ (Area of a Triangle)

(a) جب کسی مثلث کے دو اضلاع اور ان کا درمیانی زاویہ دیا گیا ہو تو

$$\Delta ABC \text{ کا رقبہ } = \frac{1}{2}bc\sin\alpha = \frac{1}{2}ac\sin\beta = \frac{1}{2}ab\sin\gamma$$

مثال 5: مثلث ABC کا رقبہ معلوم کیجیے جس میں $a = 4.2, b = 3.2$ اور $\gamma = 70^\circ$ ہو۔

حل: $a = 4.2, b = 3.2, \gamma = 70^\circ$

$$\Delta ABC \text{ کا رقبہ } = \frac{1}{2}ab\sin\gamma = \frac{1}{2}(4.2)(3.2)\sin 70^\circ$$

$$= \frac{1}{2}(4.2)(3.2)(0.94) = 6.31 \text{ مربع یونٹس}$$

(b) جب مثلث کے تینوں اضلاع دیے گئے ہوں تو

$$s = \frac{a+b+c}{2} \text{ ، } \Delta ABC \text{ کا رقبہ } = \sqrt{s(s-a)(s-b)(s-c)}$$

www.ilmkidunya.com

مثال 6: ΔABC کا رقبہ معلوم کیجیے جس میں $a = 4cm$, $b = 3cm$ اور $c = 5cm$ ہے۔

حل: $a = 4cm, b = 3cm, c = 5cm$

$$s = \frac{a+b+c}{2} = \frac{4+3+5}{2} = \frac{12}{2} = 6$$

$$s - a = 6 - 4 = 2$$
$$s - b = 6 - 3 = 3$$
$$s - c = 6 - 5 = 1$$

ΔABC of کا رقبہ $= \sqrt{s(s-a)(s-b)(s-c)}$

$$= \sqrt{6(2)(3)(1)} = \sqrt{36}$$

$$= 6cm^2$$

خود آزمائی

ΔABC کا رقبہ معلوم کیجیے جس میں

(i) $a = 8cm, b = 9cm, c = 10cm$ (ii) $a = 6.1\ cm, b = 2.3\ cm, g = 80°$

حل:

(i) $s = \frac{a+b+c}{2} = \frac{8+9+10}{2} = \frac{27}{2} = 13.5cm$

ΔABC کا رقبہ $= \sqrt{s(s-a)(s-b)(s-c)}$

$$= \sqrt{13.5(13.5-8)(13.5-9)(13.5-10)}$$

$$= \sqrt{13.5(5.5)(4.5)(3.5)}$$

$$\sqrt{1169.4375} = 34.20cm^2$$

(ii) $a = 6.1cm, b = 2.3cm, \gamma = 80°$

ΔABC کا رقبہ $= \frac{1}{2} ab \sin\gamma$

$$= \frac{1}{2} \times (6.1)(2.3) \sin(80°)$$

$$= (7.015)(0.984)$$

$$= 6.91cm^2$$

(c) جب مثلث کے دو زاویے اور ایک ضلع دیا گیا ہو تو

ΔABC کا رقبہ $= \frac{a^2 \sin\beta \sin\gamma}{2\sin\alpha} = \frac{b^2 \sin\alpha \sin\gamma}{2\sin\beta} = \frac{c^2 \sin\alpha \sin\beta}{2\sin\gamma}$

مثال 7: مثلث ABC کا رقبہ معلوم کیجیے جس میں $\alpha = 35°$، $\beta = 65°$ اور $a = 2cm$ ہے۔

حل: جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ:

$$\alpha + \beta + \gamma = 180°$$
$$35° + 65° + \gamma = 180°$$
$$\gamma = 180° - 100° = 80° = 80°$$

www.ilmkidunya.com

$$\Delta ABC \text{ کا رقبہ } = \frac{a^2 \sin\beta \sin\gamma}{2\sin\alpha}$$

$$= \frac{(2)^2 \sin 65^\circ \sin 80^\circ}{2\sin\alpha}$$

$$= \frac{4(0.91)(0.98)}{2\sin 35^\circ} = 3.13m^2$$

خود آزمائی ΔABC کا رقبہ معلوم کیجیے جس میں $\beta = 50^\circ$, $\gamma = 40^\circ$, c = 10cm

حل:

$\beta = 50^\circ$, $\gamma = 40^\circ$, c = 10cm

$\alpha + \beta + \gamma = 180^\circ$

$\alpha = 180^\circ - \beta - \gamma$

$= 180 - 50^\circ - 40^\circ = 90^\circ$

$$\Delta ABC \text{ کا رقبہ } = \frac{c^2 \sin(\alpha)\sin(\beta)}{2\sin(\gamma)}$$

$$= \frac{10^2 \sin(90^\circ)\sin(50^\circ)}{2\sin(40^\circ)}$$

$$\Delta ABC \text{ کا رقبہ } = \frac{100\times1\times0.766^\circ}{2\sin(40)}$$

$$= \frac{76.60}{1.2856} = 59.58cm^2$$

www.ilmkidunya.com

حل مشق 7.2

-1 مثلث ABC کو حل کیجیے، جس میں

(i) $a = 6.1$ cm, b = 8.4 cm, $\alpha = 42^\circ$

حل:

$a = 6.1$ cm, b = 8.4 cm, $\alpha = 42^\circ$

سائن کا قانون

$$\frac{a}{\sin\alpha} = \frac{b}{\sin\beta}$$

$$\frac{6.1}{\sin 42^\circ} = \frac{8.4}{\sin\beta}$$

$$\sin\beta = \frac{8.4\times\sin 42^\circ}{6.1}$$

$\sin\beta = 0.92$

$\beta = \sin^{-1} 0.92$

$\beta = 67.1^\circ$

$\alpha + \beta + \gamma = 180^\circ$

$\gamma = 180^\circ - \alpha - \beta$

$= 180 - 42^\circ - 67.1^\circ = 70.9^\circ$

سائن کا قانون

$$\frac{b}{\sin\beta} = \frac{c}{\sin\gamma}$$

$$\sin\gamma \times \frac{b}{\sin\beta} = c$$

$$\frac{\sin 70.9^\circ \times 8.4}{\sin 67.1^\circ} = c$$

$$\frac{0.94\times8.4}{0.92} = c$$

$8.6 = c$

لہٰذا، c = 8.6 cm, $\beta = 67.1^\circ$, $\gamma = 70.9^\circ$

(ii) $a = 12.2$ **cm ,** $c = 15.8$ **cm,** $\gamma = 50$

حل: $a = 12.2\text{ cm},\ c = 15.8\text{ cm},\ \gamma = 50$

سائن کا قانون

$$\frac{a}{\sin\alpha} = \frac{c}{\sin\gamma}$$

$$\frac{12.2}{\sin\alpha} = \frac{15.8}{\sin 50}$$

$$\sin 50^\circ \times \frac{12.2}{15.8} = \sin\alpha$$

$$\frac{0.76 \times 12.2}{15.8} = \sin\alpha$$

$$0.59 = \sin\alpha$$

$$\sin\alpha = 0.59$$

$$\alpha = \sin^{-1}(0.59)$$

$$\alpha = 36.3^\circ$$

$$\alpha + \beta + \gamma = 180^\circ$$

$$\beta = 180 - \alpha - \gamma$$

$$\beta = 180 - 36.3^\circ - 50^\circ$$

$$\beta = 93.7^\circ$$

سائن کا قانون

$$\frac{b}{\sin\beta} = \frac{c}{\sin\gamma}$$

$$\frac{b}{\sin 93.7} = \frac{15.8}{\sin 50}$$

$$b = \frac{15.8}{\sin 50^\circ} \times \sin 93.8^\circ$$

$$b = \frac{15.8}{0.76} \times 0.998$$

$$b = 20.6\text{ cm}$$

لہٰذا، $b = 20.6\text{ cm},\ \alpha = 36.3^\circ,\ \beta = 93.7^\circ$

(iii) $b = 5.2$ **cm,** $c = 5$**cm** $\gamma = 48^\circ$

حل: $b = 5.2\text{ cm},\ c = 5\text{cm},\ \gamma = 48^\circ$

سائن کا قانون

$$\frac{b}{\sin\beta} = \frac{c}{\sin\gamma}$$

$$\frac{5.2}{\sin\beta} = \frac{5}{\sin 48^\circ}$$

$$\frac{\sin 48^\circ \times 5.2}{5} = \sin\beta$$

$$\sin\beta = \frac{\sin 48^\circ \times 5.2}{5}$$

$$\sin\beta = \frac{0.74 \times 5.2}{5}$$

$$\sin\beta = 0.77$$

$$\beta = \sin^{-1} 0.77$$

$$\beta = 50.6^\circ$$

جیسا کہ ہم جانتے ہیں

$$\alpha + \beta + \gamma = 180^\circ$$

$$\alpha = 180^\circ - \beta - \gamma$$

$$= 180^\circ - 50.4^\circ - 48^\circ$$

$$= 81.4^\circ$$

سائن کا قانون

$$\frac{a}{\sin\alpha} = \frac{c}{\sin\gamma}$$

$$\frac{a}{\sin 81.4} = \frac{5}{\sin 48}$$

$$a = \frac{5}{\sin 48} \times \sin 81.4$$

$$a = \frac{5}{0.74} \times 0.99$$

$$a = 6.7\text{ cm}$$

لہٰذا، $a = 6.7\text{ cm},\ \alpha = 81.4^\circ,\ \beta = 50.6^\circ$

(iv) $b = 4.8$ **cm,** $a = 4$ **cm ,** $\beta = 71^\circ$

حل: $b = 4.8\text{ cm},\ a = 4\text{ cm},\ \beta = 71^\circ$

$$\frac{a}{\sin\alpha} = \frac{b}{\sin\beta}$$

$$\frac{4}{\sin\alpha} = \frac{4.8}{\sin 71^\circ}$$

$$\frac{\sin 71^\circ \times 4}{4.8} = \sin\alpha$$

$$\frac{0.95 \times 4}{4.8} = \sin\alpha$$

$$0.79 = \sin\alpha$$

$$\sin\alpha = 0.79$$

$$\alpha = \sin^{-1} 0.79$$

$$\alpha = 52^\circ$$

www.ilmkidunya.com

ہم جانتے ہیں کہ

$\alpha + \beta + \gamma = 180^\circ$

$\gamma = 180^\circ - \alpha - \beta$

$= 180^\circ - 52^\circ - 71^\circ$

$= 57^\circ$

سائن کے قانون سے

$\frac{b}{\sin\beta} = \frac{c}{\sin\gamma}$

$\frac{4.8}{\sin 71^\circ} = \frac{c}{\sin 57^\circ}$

$\sin 57^\circ \times \frac{4.8}{\sin 71} = c$

$\frac{0.8 \times 4.8}{0.9} = c$

$4.3 = c$

لہٰذا $c = 4.3$ cm , $\alpha = 52^\circ$, $\gamma = 57^\circ$

(v) $\beta = 70^\circ$, b = 8cm , $\alpha = 100$

حل: $\beta = 70^\circ$, b = 8cm , $\alpha = 100$

سائن کے قانون سے

$\frac{a}{\sin\alpha} = \frac{b}{\sin\beta}$

$\frac{a}{\sin 100^\circ} = \frac{8}{\sin 70^\circ}$

$a = \frac{8}{\sin 70^\circ} \times \sin 100^\circ$

$a = \frac{8}{0.94} \times 0.99$

$a = 8.4$ cm

ہم جانتے ہیں کہ

$\alpha + \beta + \gamma = 180^\circ$

$\gamma = 180^\circ - \alpha - \beta$

$\gamma = 180^\circ - 100^\circ - 70^\circ$

$\gamma = 10^\circ$

سائن کے قانون سے

$\frac{b}{\sin\beta} = \frac{c}{\sin\gamma}$

$\frac{8}{\sin 70^\circ} = \frac{c}{\sin 10^\circ}$

$\sin 10^\circ \times \frac{8}{\sin 70^\circ} = c$

$0.17 \times \frac{8}{0.94} = c$

$1.5 = c$

$c = 1.5$ cm

لہٰذا $a = 8.4$ cm, $c = 1.5$ cm, $\gamma = 10^\circ$

(vi) $a = 6$cm, $\alpha = 55^\circ$, $\gamma = 60^\circ$

حل: $a = 6$cm, $\alpha = 55^\circ$, $\gamma = 60^\circ$

ہم جانتے ہیں کہ

$\alpha + \beta + \gamma = 180^\circ$

$\beta = 180^\circ \alpha + \gamma$

$\beta = 180^\circ \quad 55 \quad 60$

$\beta = 65^\circ$

سائن کے قانون سے

$\frac{a}{\sin\alpha} = \frac{b}{\sin\beta}$

$\frac{6}{\sin 55^\circ} = \frac{6}{\sin 65^\circ}$

$\sin 65^\circ \times \frac{6}{\sin 55^\circ} = b$

$0.91 \times \frac{6}{0.82} = b$

$6 = b$

$b = 6$ cm

سائن کے قانون سے

$\frac{b}{\sin\beta} = \frac{c}{\sin\gamma}$

$\frac{6.h}{\sin 65} = \frac{c}{\sin 60^\circ}$

$\sin 60^\circ \times \frac{6.h}{\sin 65} = c$

$\frac{0.87 \times 6.8}{0.91} = c$

$6.3 = c$

$c = 6.3$ cm

لہٰذا $c = 6.4$ cm, $b = 6.7$ cm, $\beta = 65^\circ$

www.ilmkidunya.com

(vii) c = 7 cm, β = 34°, γ = 64°

حل: c = 7 cm, β = 34°, γ = 64°

ہم جانتے ہیں کہ

$$\alpha + \beta + \gamma = 180^\circ$$
$$\alpha = 180^\circ - \beta - \gamma$$
$$\alpha = 180 - 34 - 64$$
$$\alpha = 82^\circ$$

سائن کے قانون سے

$$\frac{b}{\sin\beta} = \frac{c}{\sin\gamma}$$
$$\frac{b}{\sin 34^\circ} = \frac{7}{\sin 64^\circ}$$
$$b = \frac{7}{\sin 64^\circ} \times \sin 34^\circ$$
$$b = \frac{7}{0.89} \times 0.56$$
$$b = 4.4 \text{ cm}$$

سائن کے قانون سے

$$\frac{a}{\sin\alpha} = \frac{b}{\sin\beta}$$
$$\frac{a}{\sin 82^\circ} = \frac{4.4}{\sin 34^\circ}$$
$$a = \frac{4.4}{\sin 34^\circ} \times \sin 82^\circ$$
$$a = \frac{4.4}{0.56} \times 0.99$$
$$a = 7.7 \text{ cm}$$

لہٰذا a = 7.7 cm, b = 4.4 cm, α = 82°

(viii) b = 12 cm, α = 92°, β = 77°

حل: b = 12 cm, α = 92°, β = 77°

ہم جانتے ہیں کہ

$$\alpha + \beta + \gamma = 180^\circ$$
$$\gamma = 180^\circ - 92^\circ - 77$$
$$= 11^\circ$$

سائن کے قانون سے

$$\frac{a}{\sin\alpha} = \frac{b}{\sin\beta}$$
$$\frac{a}{\sin 92^\circ} = \frac{12}{\sin 77^\circ}$$
$$a = \frac{12}{\sin 77^\circ} \times \sin 92^\circ$$
$$a = \frac{12}{0.97} \times 0.999$$
$$a = 12.3 \text{ cm}$$

سائن کے قانون سے

$$\frac{b}{\sin\beta} = \frac{c}{\sin\gamma}$$
$$\frac{12}{\sin 77^\circ} = \frac{c}{\sin 11^\circ}$$
$$\frac{\sin 11^\circ \times 12}{\sin 77^\circ} = c$$
$$\frac{0.19 \times 12}{0.97} = c$$
$$2.4 = c$$
$$c = 2.4 \text{ cm}$$

لہٰذا a = 12.3 cm, c = 2.4 cm, γ = 11°

2. مثلث ABC کا رقبہ معلوم کیجیے۔

(i) a = 7 cm, b = 8cm, γ = 38°

حل: a = 7 cm, b = 8cm, γ = 38°

$$\Delta ABC \text{ کا رقبہ} = \frac{1}{2}ab\sin\gamma$$
$$= \frac{1}{2}(7)(8)(\sin 38^\circ)$$
$$= 28(0.6157)$$
$$= 17.24 \text{ cm}^2$$

(ii) a = 11cm, c = 14 cm, β = 51°

حل: a = 11cm, c = 14 cm, β = 51°

$$\Delta ABC \text{ کا رقبہ} = \frac{1}{2}ac\sin\beta$$
$$= \frac{1}{2}(11)(14)(\sin 51^\circ)$$
$$= 77(0.7771)$$
$$= 59.84 \text{ cm}^2$$

(iii) b = 3m, c = 9 cm, α = 78°

حل: b = 3m, c = 9 cm, α = 78°

www.ilmkidunya.com

ΔABC کارقبہ $= \frac{1}{2} bc \sin\alpha$

$= \frac{1}{2}(3)(9)(\sin 78^\circ)$

$= 13.5\,(0.9781)$

$= 13.20\ cm^2$

(iv) $a = 10$ cm, $\alpha = 62^\circ$, $\beta = 69^\circ$

حل: $a = 10$ cm, $\alpha = 62^\circ$, $\beta = 69^\circ$

ہم جانتے ہیں کہ

$\alpha + \beta + \gamma = 180^\circ$

$\gamma = 180 - \alpha - \beta$

$= 180 - 62^\circ - 69^\circ = 49^\circ$

ΔABC رقبہ $= \dfrac{a^2 \sin\beta \sin\gamma}{2\sin\alpha}$

$= \dfrac{(10)^2(\sin 69^\circ)(\sin 49)}{2\sin 62^\circ}$

$= \dfrac{100(0.9336)(0.7547)}{2(0.8829)}$

$= \dfrac{70.4588}{1.7658} = 39.90\ cm^2$

(v) $c = 4$cm, $\beta = 36^\circ$, $\gamma = 80^\circ$

حل: $c = 4$cm, $\beta = 36^\circ$, $\gamma = 80^\circ$

ہم جانتے ہیں کہ

$\alpha + \beta + \gamma = 180^\circ$

$\alpha = 180^\circ - \beta - \gamma$

$= 180^\circ - 36 - 80 = 64^\circ$

ΔABC رقبہ $= \dfrac{c^2 \sin\alpha \sin\beta}{2\sin\gamma}$

$= \dfrac{(4)^2(\sin 64^\circ)(\sin 36^\circ)}{2(\sin 80^\circ)}$

$= \dfrac{(16)(0.8988)(0.5878)}{2(0.9848)}$

$= \dfrac{8.4530}{1.9696} = 4.29\ cm^2$

(vi) $c = 6.6$ cm, $\alpha = 23^\circ$, $\gamma = 89^\circ$

حل: $c = 6.6$ cm, $\alpha = 23^\circ$, $\gamma = 89^\circ$

ہم جانتے ہیں کہ

$\alpha + \beta + \gamma = 180^\circ$

$\beta = 180^\circ - \alpha - \gamma$

$= 180^\circ - 23^\circ - 89^\circ = 68^\circ$

ΔABC رقبہ $= \dfrac{c^2 \sin\alpha \sin\beta}{2\sin\gamma}$

$= \dfrac{(6.6)^2(\sin 23^\circ)(\sin 68^\circ)}{2(\sin 89^\circ)}$

$= \dfrac{43.56(0.3907)(0.9272)}{2(0.9998)}$

$= \dfrac{15.7799}{1.9996} = 7.89\ cm^2$

(vii) $a = 5.3$ cm, $b = 4.7$ cm, $c = 8.2$ cm

حل: $a = 5.3$ cm, $b = 4.7$ cm, $c = 8.2$ cm

$a = 5.3$, $b = 4.7$, $c = 8.2$

$S = \dfrac{a+b+c}{2}$

$= \dfrac{5.3+4.7+8.2}{2}$

$= \dfrac{18.2}{2} = 9.1$

ΔABC رقبہ $= \sqrt{s(s-a)(s-b)(s-c)}$

$= \sqrt{9.1(9.1-5.3)(9.1-4.7)(9.1-8.2)}$

$= \sqrt{9.1(3.8)(4.4)(0.9)}$

$= \sqrt{136.93}$

$a = 6.12$ cm, $b = 8.34$ cm, $c = 7.12$ cm (viii)

حل: $a = 6.12$ cm, $b = 8.34$ cm, $c = 7.12$ cm

$s = \dfrac{a+b+c}{2}$

$s = \dfrac{6.12+8.34+7.12}{2} = \dfrac{21.58}{2} = 10.79 = 11.70\ cm^2$

www.ilmkidunya.com

$$\triangle ABC \text{ رقبہ } = \sqrt{s(s-a)(s-b)(s-c)}$$

$$= \sqrt{10.79(10.79-6.12)(10.79-8.34)(10.79-7.12)}$$

$$= \sqrt{10.79(4.67)(2.45)(3.67)}$$

$$= \sqrt{453.53} = 21.29cm^2$$

7.3 سہ رُخی میں سادہ تکونیاتی مسائل حل کرنا (Solve Simple Trigonometric Problems in Three Dimensions)

مثال 8: دی گئی شکل ایک منشور کو ظاہر کرتی ہے۔ مثلث PQR منشور کا کراس سیکشن ہے، جہاں وہ زاویہ معلوم کیجیے جو خط MR مستوی RQLM کے ساتھ بناتا ہے۔



$m\overline{PR} = 20cm,\quad m\overline{MP} = 12cm.$

$m\angle PRQ = 30°,\quad m\angle PQR = 90°$

حل: قائمۃ الزاویہ مثلث PQR میں

$$\frac{m\overline{PQ}}{20} = \sin 30°$$

$$m\overline{PQ} = 20 \times \frac{1}{2}$$

$$= 10 cm$$

قائمۃ الزاویہ مثلث MPR میں

$$m\overline{MR} = \sqrt{(m\overline{PR})^2 + (m\overline{MP})^2} = \sqrt{(20)^2 + (12)^2} = \sqrt{400+144} = \sqrt{544}$$

$$= 23.3238 \text{ cm}$$

قائمۃ الزاویہ مثلث MLR میں

$$\sin x = \frac{\text{opp.}}{\text{hyp.}} = \frac{10}{23.3238} = 0.4287$$

$$\therefore\ x = \sin^{-1}(0.4287)$$

$$= 25.4°$$

مثال 9: شکل ایک مکعب نما ABCDEFGH کو ظاہر کرتی ہے جس میں $m\overline{AB} = 8cm$, $m\overline{AF} = 6cm$, $m\overline{FC} = 16cm$ ہوں تو $\overline{BC}$ کی لمبائی معلوم کیجیے۔



حل: قائمۃ الزاویہ مثلث AFC میں

$$m\overline{AC} = \sqrt{(m\overline{FC})^2 - (m\overline{AF})^2} = \sqrt{(16)^2 - (6)^2}$$

$$= \sqrt{256-36} = \sqrt{220} = 14.83cm$$

قائمۃ الزاویہ مثلث ABC میں

$$m\overline{BC} = \sqrt{(14.83)^2 - (8)^2} = \sqrt{220-64}$$

$$= \sqrt{156} = 12.5cm$$

www.ilmkidunya.com

7.4 حقیقی زندگی میں تکونیات کا تصور (Concept of Trigonometry in Real Life)

مثال 10: ایک ہوائی جہاز 12° کے زاویہ صعود پر پرواز شروع کرتا ہے اور اس راستے پر 2000 میٹر کا سفر طے کرتا ہے۔ یہ فاصلہ طے کرنے کے بعد ہوائی جہاز کتنی بلندی پر ہے؟

حل: مثلث ABC میں



$$\sin 12^\circ = \frac{m\overline{BC}}{2000}$$

$$(0.2079)2000 = m\overline{BC}$$

$$m\overline{BC} = 415.8\text{ m}$$

جہاز زمین سے تقریباً 415.8 m میٹر بلندی پر ہے۔

مثال 11: ایک ساؤنڈ لیب میں، دو مائیکروفون $c = 3m$ کے فاصلے پر رکھے گئے ہیں۔ ایک آواز کے سورس سے ایک مائیکروفون $a = 2m$ اور دوسرے سے $b = 2.5m$ کے فاصلے پر ہے۔ ان آواز کے راستوں a اور b کے درمیان زاویہ معلوم کیجیے۔

حل: یہاں $a = 2m,\ b = 2.5\text{ m},\ c = 3\text{ m}$

کوسائن کا قانون پیش کرتے ہوئے

$$\cos\gamma = \frac{a^2+b^2-c^2}{2ab} = \frac{2^2+(2.5)^2-3^2}{2\times2\times2.5} = \frac{4+6.25-9}{10} = 0.125$$

$$\gamma = \cos^{-1}(0.125)$$
$$= 82.8^\circ$$

حل مشق 7.3

1- مثلثی منشور میں، معلوم کیجیے۔

(i) $\overline{CF}$ کی لمبائی (ii) $\overline{BF}$ کی لمبائی (iii) زاویہ BFC، میں جواب ایک درجہ اعشاریہ تک درست ہو۔



حل: (i) $\overline{BC} = 3\text{cm}, \overline{CE} = 4\text{cm}, \overline{FE} = 5\text{cm}$

قائمۃ الزاویہ مثلث CEF میں

$$\overline{CF} = \sqrt{(\overline{CE})^2+(\overline{FE})^2}$$
$$= \sqrt{(4)^2+(5)^2} = \sqrt{16+25}$$
$$= \sqrt{41} = 6.4\text{cm}$$

(ii) قائمۃ الزاویہ مثلث BFC میں

$$\overline{BF} = \sqrt{(\overline{BC})^2+(\overline{CF})^2}$$
$$= \sqrt{(3)^2+(\sqrt{41})^2} = \sqrt{9+41}$$
$$= \sqrt{50} = 7.1\text{ cm}$$

www.ilmkidunya.com

(iii) قائمۃ الزاویہ مثلث BCF میں

$$\tan\theta = \frac{\text{مخالف}}{\text{قائدہ}}$$

$$\tan\theta = \frac{\overline{BC}}{\overline{CF}}$$

$$\tan\angle BFC = \frac{3}{\sqrt{41}}$$

$$\angle BFC = \tan^{-1}\left(\frac{3}{\sqrt{41}}\right)$$

$$\angle BFC = \tan^{-1}\left(\frac{3}{6.403}\right)$$

$$= 25.1^\circ$$



2- شکل ایک مثلثی مخروط کو ظاہر کرتی ہے جس کا افقی مستطیلی قاعدہ PQRS ہے، جس میں $m\overline{QR} = 10cm$ اور $m\overline{PQ} = 16$ cm ہے۔ M خط PR کا درمیانی نقطہ ہے۔ راس T سے عمودی طور پر M کے اوپر ہے اور $m\overline{MT} = 15$ cm ۔ خط TP اور قاعدہ PQRS کے درمیان زاویہ معلوم کیجیے۔ اپنا جواب ایک درجہ اعشاریہ تک درست دیں۔

حل: مستطیلی قاعدہ PQRS

$\overline{PQ} = 16$ cm

$\overline{QR} = 10$ cm

عمودی اونچائی $\overline{MT} = 15$ cm

PR وتر کا وسطی نقطہ M ہے۔

قائمۃ الزاویہ مثلث PQR میں

$$\overline{PR} = \sqrt{(\overline{PQ})^2 + (\overline{QR})^2}$$

$$= \sqrt{(16)^2 + (10)^2}$$

$$= \sqrt{256 + 100}$$

$$PR = \sqrt{356} = 18.868 \text{ cm}$$

$\overline{PR}$ کا وسطی نقطہ M ہے۔

$$\overline{PM} = \frac{\overline{PR}}{2} = \frac{18.868}{2} = 9.434 \text{ cm}$$

قائمۃ الزاویہ مثلث TMP میں

$$\tan\theta = \frac{\text{مخالف}}{\text{قائدہ}}$$

$$\tan\theta = \frac{\overline{TM}}{\overline{PM}}$$

$$\tan\angle TMP = \frac{15}{9.434}$$

$$\angle TMP = \tan^{-1}(1.590)$$

$$= 57.8^\circ$$



3- شکل مخروط کو ظاہر کرتی ہے جس کا قاعدہ PQRS، 10 سینٹی میٹر ضلع کا ایک افقی مربع ہے۔ راس V، قاعدہ کے وسطی نقطہ M سے عمودی طور پر اوپر ہے اور $m\overline{VM} = 12cm$ ہے۔ زاویہ VPM معلوم کیجیے۔

حل: قائمۃ الزاویہ مثلث PQR میں

$$\overline{PR} = \sqrt{(\overline{PQ})^2 + (\overline{QR})^2}$$

$$= \sqrt{(10)^2 + (10)^2}$$

$$= \sqrt{100 + 100}$$

www.ilmkidunya.com

$= \sqrt{200}$

$= \sqrt{4 \times 50}$

$= 2\sqrt{50}$

$\overline{PM}$، $\overline{PR}$ کا نصف ہے۔

$$\overline{PM} = \frac{\overline{PR}}{2} = \frac{2\sqrt{50}}{2} = \sqrt{50}\text{ cm}$$

VMP قائمۃ الزاویہ مثلث میں ہم Tan کی نسبت استعمال کریں۔

$$\tan\theta = \frac{\text{مخالف}}{\text{قاعدہ}}$$

$$\tan\angle VPM = \frac{\overline{VM}}{\overline{PM}}$$

$$\tan\angle VPM = \frac{12}{\sqrt{50}}$$

$$\angle VPM = \tan^{-1}\left(\frac{12}{7.071}\right)$$

$$\angle VPM = 59.5^\circ$$

4- ABCDE ایک مربعی قاعدہ والا مخروط ہے۔ جس میں اور $\overline{AB} = 15cm$ اور $m\overline{AE} = m\overline{BE} = m\overline{CE} = m\overline{DE} = 12cm$ زاویہ **DEB** معلوم کیجیے اور اپنا جواب ڈگری میں دیجیے۔ (مکمل عدد)



حل: DEB مساوی الساقین مثلث میں

$$m\overline{EB} = m\overline{ED} = 12cm$$

$\overline{BD}$ معلوم کرتے ہیں۔

$$m\overline{AB} = 15cm$$

$$m\overline{BD} = \sqrt{(\overline{BA})^2 + (\overline{AD})^2}$$

$$= \sqrt{(15)^2 + (15)^2}$$

$$= \sqrt{225 + 225}$$

$$= \sqrt{450} = 21.21\text{ cm}$$

کوسائن کا قانون استعمال کریں

$$(\overline{BD})^2 = (\overline{BE})^2 + (\overline{DE})^2 - 2(\overline{BE})(\overline{DE})\cos(\angle BED)$$

$$450 = (12)^2 + (12)^2 - 2(12)(12)\cos(\angle BED)$$

$$450 = 144 + 144 - 288\cos(\angle BED)$$

$$288\cos\angle BED = 288 - 450$$

$$288\cos\angle BED = -162$$

$$\cos\angle BED = \frac{-162}{288}$$

$$\cos\angle BED = -0.5625$$

$$\angle BED = \cos^{-1}(-0.5625)$$

$$\angle BED = 124^\circ$$

-5 دی گئی شکل ایک مثلثی مخروط کو ایک افقی مستطیلی قاعدہ ABCD کے ساتھ ظاہر کرتی ہے۔ $m\overline{BC} = 7cm$, $m\overline{AB} = 10cm$ ہے۔ نقطہ M, AD کا وسطی نقطہ ہے راس T, M سے عمودی طور پر M کے اوپر ہے اور $m\overline{MT} = 6cm$ ہے۔ $\overline{TB}$ اور قاعدہ کے درمیان زاویہ معلوم کیجیے۔



حل: $\overline{AD}$ کا وسطی نقطہ M ہے۔

$m\overline{MA} = 3.5\text{ cm}, \; m\overline{AB} = 10\text{ cm}$

BMA قائمۃ الزاویہ مثلث میں

$$m\overline{MB} = \sqrt{(\overline{MA})^2 + (\overline{AB})^2}$$

$$= \sqrt{(3.5)^2 + (10)^2}$$

$$= \sqrt{12.25 + 100}$$

$$= \sqrt{112.25} = 10.59\text{ cm}$$

TMB قائمۃ الزاویہ مثلث میں

$$\tan\theta = \frac{\overline{TM}}{\overline{MB}}$$

$$\tan\angle TBM = \frac{6}{10.59}$$

$$\angle TBM = \tan^{-1}\left(\frac{6}{10.59}\right)$$

$$\angle TBM = 29.5^\circ$$

-6 ایک آئسومیٹرک گیم میں کیمرہ زمین سے 45° کے زاویہ پر رکھا گیا ہے۔ اگر کھلاڑی سامنے سے 10 یونٹ اور اوپر 10 یونٹ پر ہو تو دیکھنے کے خط کا فاصلہ معلوم کیجیے۔

حل: فرض کیا



سامنے سے فاصلہ $\overline{AB} = 10$ یونٹس

اونچائی $\overline{AC} = 10$ یونٹس

دیکھنے کے خط کا فاصلہ $\overline{BC} = ?$ (وتر)

مسئلہ فیثاغورث کی رو سے

$$m\overline{BC} = \sqrt{(m\overline{AB})^2 + (m\overline{AC})^2}$$

$$= \sqrt{(10)^2 + (10)^2}$$

$$= \sqrt{100 + 100}$$

$$= \sqrt{200}$$

$= 14.14$ یونٹس

-7 ایک سرویئر ایک ٹاور کی چوٹی کو 28° کے زاویہ صعود پر دیکھتا ہے وہ قاعدہ سے 60 میٹر کے فاصلہ پر کھڑا ہے، ٹاور کی اونچائی معلوم کیجیے۔

حل:



ٹاور کی اونچائی $= x$ m

قاعدہ سے فاصلہ $= 60$ m

زاویہ صعود $= 28^\circ$

$$\tan\theta = \frac{\text{مخالف}}{\text{قاعدہ}}$$

$$\tan 28^\circ = \frac{x}{60}$$

$$60 \times \tan 28^\circ = x$$

$$60 \times 0.5317 = x$$

$$31.9 = x$$

$$x = 31.9\text{m}$$

ٹاور کی اونچائی $= 31.9\text{m}$

8- ایک کشتی 80 میٹر چوڑے دریا کو روانی سے 60° کے زاویہ پر عبور کرتی ہے۔ کشتی حقیقت میں کتنا فاصلہ طے کرتی ہے؟



حل:

دریا کی چوڑائی $= 80$ m

لہر کا زاویہ $= 60^\circ$

فرض کیا کشتی سے طے کردہ فاصلہ $= x$ m (وتر)

$$\cos\theta = \frac{\text{قاعدہ}}{\text{وتر}}$$

$$\cos 60^\circ = \frac{80}{x}$$

$$0.5 = \frac{80}{x}$$

$$x = \frac{80}{0.5} = 160 \text{ m}$$

لہٰذا کشتی کا اصل میں طے کردہ فاصلہ $= 160$

9- ایک سامع دو سپیکروں سے آنے والی آواز سنتا ہے۔ ایک سپیکر بالکل سامنے 6 میٹر کے فاصلے پر ہے اور دوسرا 30° کے زاویہ پر 6 میٹر کے فاصلے پر ہے۔ سپیکرز کے درمیان فاصلہ معلوم کیجیے۔

حل: یہ ایک مثلث بناتی ہے جس کے مربعد اضلاع 6m, 6m اور زاویہ کی پیمائش 30° ہے۔

فرض کیا سپیکر A اور B کے درمیان کا فاصلہ $= d$

کوسائن کے قانون کا استعمال

$$c^2 = a^2 + b^2 - 2\,ab\cos 30^\circ$$

$$d^2 = (6)^2 + (6)^2 - 2\,(6)(6)\,(0.866)$$

$$d^2 = 36 + 36 - 72\,(0.866)$$

$$d^2 = 72 - 62.35$$

$$d^2 = 9.65$$

